نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:ziratnama@hotmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سالانہ ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل سے کسان کی براہ راست ترقی وابستہ ہے

جڑی بوٹی مکاؤ پیداوار ودھاؤ مہم کا خاکہ جلد تیار کیا جائے اس خاکے میں رنگ ہم نے بھرنے ہیں (سیکرٹری زراعت)

لاہور: 16 جنوری 2017 (   ) سیکرٹری زراعت پنجاب محمد محمود نے کہا ہے کہ محکمہ زراعت کا ترقیاتی پروگرام دراصل کسان کا ترقیاتی پروگرام ہے۔ ماہرین اور محققین کی سفارشات کی روشنی میں تیار کردہ سالانہ ترقیاتی پروگرام بہبودِ کسان کے لئے ہے۔ترقیاتی منصوبے جتنی جلد مکمل ہوں گے اتنی ہی جلد کسان ترقی کرے گا۔محکمہ زراعت کے سالانہ ترقیاتی پروگرام کی پیش رفت کا جائزہ لینے کے لئے منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سالانہ ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل میری اولین ترجیح ہے۔تمام افسران ان منصوبوں کے حوالے سے اپنی کارکردگی عملی طور پر ثابت کریں۔ پنجاب میں جڑی بوٹی مکاؤ پیداوار ودھاؤ مہم کو کامیاب بنانے کے لئے محکمہ زراعت کے افسران کا کردار کلیدی حیثیت رکھتا ہے۔وہ اس حوالے سے ابھی سے اس مہم کو کامیاب بنانے کے خاکہ تیار کریں۔اس خاکے میں رنگ بھی انہی افسران نے بھرنے ہیں۔ 20 فروری سے شروع ہونے والی یہ مہم اپنی مثال آپ ہوگی۔اس مہم کی کامیابی سے کسان میں نئی امنگ پیدا ہوگی اور اس کا کھیت سے رشتہ مضبوط ہوگا۔

☆☆